Fri-Day

44606 - maryam - 091 Date 03/04/26

سوال: اسلام سے کیا مراد ہے؟ اسلام کی نمایاں خصوصیات بیان کریں؟

start with the summary of the answer as introduction.......

## اسلام کی تعریف:-

### لغوی تعریف:-

لفظ "اسلام" عربی زبان کے لفظ "سلم" سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں:

- سلامتی
- اطاعت
- فرمانبرداری

یعنی اسلام کا مطلب ہے اللہ کے سامنے سر تسلیم خم کرنا اور اس کی مرضی کے مطابق زندگی گزارنا

### اصطلاحی تعریف:-

اصطلاح میں اسلام سے مراد ہے:

اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان لانا، محمد ﷺ کو آخری نبی ماننا اور ان کی تعلیمات کے مطابق زندگی گزارنا۔

### قرآن کی روشنی میں تعریف:-

قرآن مجید میں ارشاد ہے۔

ترجمہ: "بے شک اللہ کے نزدیک دین اسلام ہی ہے"

یہ آیت واضح کرتی ہے کہ اسلام ہی اللہ کا پسندیدہ اور سچا دین ہے۔

try to add the arabic of quranic ayats........

### حدیث کی روشنی میں تعریف:-

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

"اسلام یہ ہے کہ تم گواہی دو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو،

Nomi

Day	Date / /

رمضان کے روزے رکھو اور استطاعت ہو تو حج کرو"

## جامع تعریف:-

اسلام ایک ایسا مکمل ضابطۂ حیات ہے جو: انسان کو اللہ کی عبادت سکھاتا ہے، اخلاق و کردار کو بہتر بناتا ہے اور دنیا و آخرت میں کامیابی کا راستہ دکھاتا ہے۔ اسلام صرف ایک مذہب ہی نہیں بلکہ ایک مکمل نظامِ زندگی ہے، جس میں انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کے تمام پہلوؤں کی رہنمائی موجود ہے۔

## اسلام کی خصوصیات:-

اسلام ایک ایسا مکمل اور ہمہ گیر نظامِ زندگی ہے جو انسان کی روحانی، اخلاقی، معاشرتی اور معاشی تمام ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ اس کی خصوصیات نہ صرف فرد کی اصلاح کرتی ہیں بلکہ ایک مثالی معاشرہ بھی قائم کرتی ہیں۔ ذیل میں اسلام کی اہم خصوصیات کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے۔

1- توحید
2- عدل و انصاف
3- مساوات اور اخوت
4- امن و سلامتی
5- رحم، شفقت اور انسانیت
6- مکمل ضابطۂ حیات
7- اعتدال
8- علم کی اہمیت
9- عالمگیریت
10- شوریٰ
11- زکوٰۃ اور معاشی انصاف
12- حقوق العباد
13- ماحولیات کا تحفظ
14- قانون کی بالادستی

## توحید:-

اسلام کی سب سے بنیادی اور نمایاں خصوصیت

Nomi

Day Date / /

توحید ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اللہ ایک ہے اور وہی عبادت کے لائق ہے۔ قرآن کریم میں سورۃ الاخلاص میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔

ترجمہ: "اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس کی کوئی اولاد ہے۔ نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔ اور کوئی بھی اس کا ہمسر نہیں۔"

سورۃ آل عمران میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

ترجمہ: "اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اللہ زندہ ہے اور سب کو قائم رکھنے والا ہے"۔

## عدل و انصاف:-

اسلام ہر حال میں انصاف کا حکم دیتا ہے۔

ارشادِ ربانی ہے۔

ترجمہ: "بے شک اللہ انصاف اور احسان کا حکم دیتا ہے۔" (سورۃ النحل)

ایک اور مقام پر ارشاد ہوا:

ترجمہ: "اور کسی قوم کی دشمنی تمھیں اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو۔" (سورۃ المائدہ)

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

ترجمہ: "پہلی قومیں اس لیے ہلاک ہوئیں کہ وہ کمزوروں کو سزا دیتے تھے اور طاقتوروں کو چھوڑ دیتے تھے"۔

مثال کے طور پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے کو بھی قانون کے مطابق سزا دی اور خود کو بھی عام شہری سمجھا، جو اسلامی انصاف کی اعلیٰ مثال ہے۔ یہ تعلیم ایک منصفانہ اور متوازن معاشرہ قائم کرتی ہے۔

## مساوات اور اخوت:-

اسلام تمام انسانوں کو برابر قرار دیتا ہے۔ کسی کو رنگ، نسل، زبان یا دولت کی بنیاد پر برتری حاصل نہیں۔

Nomi

Date / /

نبی کریم ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا:

ترجمہ: "کسی عربی کو عجمی پر اور کسی گورے کو کالے پر فضیلت نہیں، سوائے تقویٰ کے"۔

یہ اصول انسانوں کے درمیان نفرت، تعصب اور طبقاتی تقسیم کو ختم کرتا ہے اور بھائی چارہ پیدا کرتا ہے۔

ارشادِ ربانی ہے۔

ترجمہ: "بے شک اللہ کے نزدیک تم میں سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے" (الحجرات)

مثال کے طور پر اسلامی معاشرے میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ جیسے کو بھی عزت دی گئی اور وہ اذان دینے کے لیے منتخب ہوئے۔

## امن و سلامتی:-

دینِ اسلام کا مطلب ہی "سلامتی" ہے۔ یہ انسانوں کے درمیان امن قائم کرنے پر زور دیتا ہے۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

ترجمہ: "مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے محفوظ رہیں"۔

اسلام جنگ کی بھی اجازت دیتا ہے مگر صرف دفاع کے لیے اور اس میں بھی ظلم و زیادتی کی سختی سے مخالفت ہے۔

## رحم، شفقت اور انسانیت:-

اسلام انسانوں کے ساتھ ساتھ جانوروں اور کمزور طبقات پر بھی رحم کرنے کی تعلیم دیتا ہے

ارشادِ نبوی ﷺ ہے:

Nomi

Day

Date / /

ترجمہ: "جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا، اللہ اُس پر رحم نہیں کرتا"۔

مثال کے طور پر اسلام میں ایک کتے کو پانی پلانے پر ایک عورت کو جنت کی خوشخبری دی گئی اور ایک عورت کو محض اس بات پر جہنم کی وعید سنائی گئی کہ اُس نے ایک بلی کو بھوکا پیاسا مار دیا۔

یہ تعلیم معاشرے میں محبت، ہمدردی اور باہمی تعاون کو فروغ دیتی ہے۔

## • مکمل ضابطۂ حیات:-

اسلام صرف عبادات کا دین نہیں بلکہ ایک مکمل نظام زندگی ہے جو ہر شعبہ (عبادات، معاملات، سیاست، معیشت، اخلاق) میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

ترجمہ: "ہم نے آپ پر ایسی کتاب نازل کی جو ہر چیز کو واضح کرتی ہے"۔ (الانعام)

use more elaborate and self explanatory headings......

## • اعتدال:-

اسلام اعتدال کا دین ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

ترجمہ: "اور اسی طرح ہم نے تمہیں ایک درمیانی (متوازن) امت بنایا"۔

حدیث نبوی ہے۔

ترجمہ: "بہترین کام درمیانی ہوتے ہیں"۔

اسلام انسان کو مکمل دنیا سے کنارہ کشی سکھاتا ہے اور نہ ہی

Nomi

دنیا میں حد سے زیادہ مشغول ہونے کی اجازت دیتا ہے۔

## علم کی اہمیت:۔

اسلام علم حاصل کرنے پر بہت زور دیتا ہے۔

حدیث نبوی ﷺ ہے:

ترجمہ: "علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے"۔ مسلمان سائنسدانوں جیسے ابن سینا اور الخوارزمی نے علم کے میدان میں عظیم کارنامے انجام دیے۔

## عالمگیریت:۔

اسلام قیامت تک کے انسانوں کے لیے ہدایت ہے۔ اسلام ہر قوم، رنگ اور زبان کے لوگوں کو برابر حیثیت دیتا ہے اور دنیا بھر کے لوگ اس دین سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

قرآن مجید میں ارشاد ہے:

ترجمہ: "اور ہم نے آپ ﷺ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا"۔ مثال کے طور پر قرآن میں مختلف مقامات پر "قُلْ یَا أَیُّهَا النَّاسُ" (کہہ دو: اے انسانو!) سے تمام لوگوں کو مخاطب کیا گیا ہے۔

## ماحولیات:۔

اسلام درخت لگانے، پانی ضائع نہ کرنے اور جانوروں کے حقوق کا خیال رکھنے کی تعلیم دی گئی ہے۔

حدیث نبوی ﷺ ہے۔

~~ترجمہ: "اگر تم میں سے کسی کے ہاتھ میں پودا ہو~~

ترجمہ: "اگر قیامت قائم ہو رہی ہو اور تمہارے ہاتھ میں پودا ہو

Nomi

تو اسے لوٹا دو۔"

## ۔ معاشی انصاف:-

اسلام ایک منصفانہ معاشی نظام دیتا ہے۔ مثال کے طور پر زکوۃ، صدقات اور وراثت کے نظام کے ذریعے دولت غریبوں تک پہنچتی ہے
قرآن مجید میں ارشاد ہے:

ترجمہ: "جو مال اللہ نے اپنے رسول ﷺ کو بستیوں والوں سے دلوایا ہے وہ اللہ کا ہے اور رسول کا اور قرابت داروں کا اور یتیموں کا اور مسکینوں کا اور مسافروں کا، تاکہ وہ مال تمہارے مالداروں کے درمیان گردش نہ کرتا رہے۔" (الحشر)

## ۔ حقوق العباد:-

اسلام انسانی حقوق کا مکمل نظام پیش کرتا ہے۔ حدیثِ نبوی ﷺ ہے:

ترجمہ: "تم میں سے بہترین وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے لیے بہترین ہو۔"

اسلام والدین کی خدمت، پڑوسیوں کے حقوق، مزدوروں کی اجرت وقت پر دینے اور یتیموں کی کفالت کا حکم دیتا ہے، جو ایک مثالی معاشرہ تشکیل دیتا ہے۔

## ۔ شوریٰ:-

اسلامی نظام حکومت میں اہم فیصلے مشورے سے کیے جاتے ہیں۔ قرآن میں فرمایا گیا ہے:

ترجمہ: "اور ان کے معاملات آپس کے مشورے سے ہوتے ہیں۔"

Nomi

Day | Date / /

یہ اصول حکمرانوں کو عوام سے مشورہ لینے کی ترغیب دیتا ہے، جس سے ایک منصفانہ اور موثر نظام قائم ہوتا ہے۔

add a few more arguments................

## قانون کی بالادستی:-

اسلام میں سب برابر ہیں اور قانون سب پر یکساں لاگو ہوتا ہے، چاہے وہ کوئی عام شخص ہو یا حکمران۔ یہی اصول اسلامی معاشرے میں انصاف اور نظم قائم رکھتا ہے۔

09

end the answer with conclusion....

improve the references and the paper presentation part.......